## غزہ میں فلسطینیوں کیلئے امدادی سامان لیجانے والی کشتیوں پر اسرائیلی فوج کا حملہ کھلی جارحیت اور بربریت ہے۔الطاف حسین

### اقوام متحدہ،اوآئی سی،عرب لیگ اور دیگر عالمی ادارے اس معاملے کا فوری نوٹس لیں،

### عالمی برادری فلسطینیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے سلسلے کو بند کروانے کیلئے اپنا بھرپور اثر رسوخ استعمال کرے

### امدادی قافلے میں شامل پاکستانی اینکر طلعت حسین اور آج ٹی وی کے پروڈیوسر رضا آغا کی سلامتی کیلئے دعا کرتے ہیں

### طلعت حسین اور دیگر پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے ہر سطح پر بھرپور کوششیں کی جائیں،تمام سفارتی ذرائع بروئے کار لائے جائیں

### اسرائیلی فوج کے حملے میں متعدد امدادی کارکنوں کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔ 31 مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے غزہ میں فلسطینیوں کیلئے غذائی اشیاء، ادویات اور دیگر امدادی سامان لیجانے والی کشتیوں پر اسرائیلی فوج کے حملے کی شدید مذمت کی ہے اوراس حملے میں متعدد امدادی کارکنوں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی جارحیت اور بربریت ہے جسے کوئی بھی امن پسند ملک یادنیا بھر کے امن پسند حلقے درست اور جائز قرار نہیں دے سکتے۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ، اوآئی سی ،عرب لیگ اور دیگر عالمی اداروں کو چاہیے کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے اور فلسطینیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے سلسلے کو بند کروانے کیلئے عالمی برادری اپنا بھرپور اثر رسوخ استعمال کرے۔انہوں نے حکومت پاکستان سے بھی کہا کہ جارحیت کے اس واقعہ پر اقوام متحدہ اور تمام بین الاقوامی فورم پر اس واقعہ پر شدید احتجاج کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے امدادی قافلے میں شامل پاکستانی اینکر طلعت حسین اور آج ٹی وی کے پروڈیوسر رضا آغا دیگر پاکستانیوں کی سلامتی کیلئے دعا کی اور حکومت پاکستان سے کہا کہ طلعت حسین اور دیگر پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے ہر سطح پر بھرپور کوششیں کی جائیں اوراس سلسلے میں تمام سفارتی ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔

## اسپتال میں زیر علاج مریضوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے انسانیت کے دشمن ہیں،الطاف حسین

### لاہور کے جناح اسپتال میں مریضوں،ان کے اہل خانہ اور سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں پر حملے پر اظہار مذمت

### دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31/مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے جناح اسپتال میں مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے اس واقعہ میں اسپتال میں زیر علاج مریضوں،ان کے تیمارداروں، پولیس اہلکار اور سیکورٹی گارڈ سمیت متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پیر کی شب لاہور کے جناح اسپتال میں گزشتہ دنوں لاہور میں احمدیوں کی عبادت گاہوں پر دہشتگردوں کے حملے میں زخمی اور دیگر افراد زیر علاج تھے اور مسلح دہشت گردوں نے انتہائی سفاکی اور بربریت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کا قتل عام کیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسپتال میں زیر علاج مریضوں اوران کے اہل خانہ کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے سفاک دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں جو مسلمان تو کجا انسان بھی کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ ظلم وبربریت اور بے حسی کی بدترین مثال ہے جس کا نوٹس لینا حکومت وانتظامیہ کا بنیادی فرض ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری ،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ جناح اسپتال میں دہشت گردی کے ذمہ دار عناصر اوران کے سرپرستوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرین اور متاثرین منگلا ڈیم کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی ،شاہد لطیف ،کنور نوید جمیل آزاد کشمیر میر پور زون کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

میر پور۔۔۔31،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف اور کنور نوید جمیل نے کہا ہے کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے کے افراد کو منتخب ایوانوں میں بھیجا ہے ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم آزاد کشمیر میر پور زون کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ اجلاس سے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل ، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی، ایم کیوایم میر پور زون کے انچارج عاصم جنجوعہ اور جوائنٹ انچارج محمود صدیقی نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر اور سابق ڈپٹی اسپیکر قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ بھی موجود تھے ۔ جنرل ورکرز اجلاس میں کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی جن میں خواتین بھی بڑی تعداد میں شامل تھیں ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شاہد لطیف اور کنور نوید جمیل نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے پڑھے لکھے اور میرٹ پر پورا اترنے والے غریب ومتوسط طبقے کو حقیقی نمائندگی دے رہی ہے تاکہ وہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے منتخب ایوانوں میں اپنا عملی کردار ادا کرسکیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرین اور متاثرین منگلا ڈیم کے مسائل کے حل کیلئے قومی اسمبلی سمیت ہر سطحہ پر آواز اٹھائے گی اور متاثرین کو کا حق دلانے میں اپنا کردار ادا کرے گی ۔انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام پاکستان بھر میں تھا مگر کراچی، حیدرآباد، میر پور خاص اور نوابشاہ میں ریکارڈ ترقیاتی کام اس لئے ہوئے کہ ان شہروں میں ایم کیوایم کے ناظم کام کررہے تھے ۔انہوں نے مزید کہا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری اربوں روپے کا زرمبادلہ ملک میں لارہے ہیں اور ان کے مسائل حل کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے ۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے خواتین اور متاثرین منگلا ڈیم اور مختلف عوامی وفود کی ملاقاتیں

میر پور۔۔۔31،مئی2010ء

آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے متاثرین منگلا ڈیم ،خواتین اور دیگر عوامی وفود نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل اور شاہد لطیف سے ملاقات کی اور انہیں آزاد کشمیر میں خواتین سیاسی کارکنان کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اور ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی بھی موجود تھے ۔ ملاقات میں وفود نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں سیاسی ٹھیکیداروں نے خواتین کو ان کے سیاسی اور جمہوریت حقوق سے محروم رکھا ہوا ہے اور قانون ساز اسمبلی میں اپنی عزیز رشتہ دار اور سفارشی خواتین کو رکنیت دلائی گئی ہے جس کا آزاد کشمیر کی خواتین کو کوئی فائدہ نہیں کیونکہ ان خواتین کا غریب ومتوسط طبقے سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ملاقات میں متاثرین ضلع بھمبر سمتی متعدد عوامی وفود نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین منگلا ڈیم کو واپڈا اور حکومت پاکستان حق نہیں دے رہی ہے ۔انہوں نے بتایا کہ جس طرح تربیلا ڈیم کی صوبہ سرحد کو رائلٹی ملتی ہے اسی طرح منگلا ڈیم کی آزاد کشمیر کو رائلٹی دیجائے ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے وفود کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم آزاد کشمیر میں میرٹ کو ترجیح دیگی اور غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو ابھار کر آزاد کشمیر میں موروثی سیاست کا خاتمہ کردیگی ۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق احمد منگی اور حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے سندھی اور اردو زبان کی معروف اداکارہ محترمہ قمر النساء ھکڑو کی عیادت کی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ اور علاج ومعالجہ کیلئے ایک لاکھ روپے پیش کیا

کراچی۔۔۔31،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق احمد منگی اور حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی نے سندھی اور اردو زبان کی معروف اداکارہ محترمہ قمر النساء ھکڑو کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان کی رہائشگاہ واقع گلشن اقبال جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی ۔انہوں نے محترمہ قمر النساء ھکڑو کو گلدستہ اور علاج معالجہ کیلئے ایک لاکھ روپے بھی پیش کئے ۔ اشفاق احمد منگی اور عبدالرؤف صدیقی نے محترمہ قمر النساء ھکڑو سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی ثقافت کو اجاگر کرنے میں آپ نے نمایاں کردار ادا کیا ہے اور جس طرح آپ نے اپنے فن کے ذریعہ سندھ دھرتی کی خدمت کی ہے اسے متحدہ قومی موومنٹ قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے وہ کچھ دیر محترمہ قمر

النساءھکڑو کے ہمراہ رہے اورانہوں نے محترمہ کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔محترمہ قمرالنساءھکڑو نے عیادت اور علاج ومعالجہ کے سلسلے میں تعاون کرنے پر قائدتحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیااوران کی صحت وعافیت کے لئے دعا بھی کی۔ واضح رہے کہ محترمہ قمرالنساءھکڑو کینسر کے عارضے میں مبتلا ہیں اورگزشتہ کئی دنوں سے شدیدعلیل ہیں۔

## عبدالرشیدگوڈیل،طاہرکھوکھر اورسلیم بٹ نے صحافی وسینٹرل یونین آف جرنلسٹس میر پور کے سیکریٹری جنرل خالدچوہدری کی رہائشگاہ جاکروالدہ کےانتقال پرتعزیت کی

میر پور۔۔۔31،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل،آزادکشمیرقانون سازاسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرطاہرکھوکھر اوررکن قانون سازاسمبلی سلیم بٹ نے صحافی وسینٹرل یونین آف جرنلسٹس میر پور کے سیکریٹری جنرل اورمقامی اخبار کےایڈیٹرخالد چوہدری کی والدہ محترمہ کےانتقال پران کی رہائشگاہ جاکرتعزیت کی۔انہوں نے خالد چوہدری سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی اورتعزیت کا اظہار بھی کیا۔اس موقع پرانہوں نے خالد چوہدری کی والدہ محترمہ کےایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹراورلیبرڈویژن کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔31،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹریونٹ 57 کے کارکن وسیم احمدخان کی والدہ محترمہ طاہرہ بیگم اورایم کیوایم لیبرڈویژن پی آئی اے یونٹ کے کارکن ندیم رضا کے والدعلی اعظم احمدرضا کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## کیماڑی ٹاؤن ماریپوریوسی 6 کی سابق حق پرست خاتون لیبرکونسلرانتقال کرگئیں الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔31،مئی2010ء

کیماڑی ٹاؤن ماریپوریوسی 6 کی سابق حق پرست خاتون لیبرکونسلرمحترمہ سعیدہ گزشتہ روزانتقال کرگئیں۔مرحومہ کی عمر52 سال تھی اوران کے سوگواران میں کوئی شامل نہیں ہے۔ مرحومہ 2005ء کے بلدیاتی الیکشن میں حق پرست پینل کے پلیٹ فارم سے لیبرکونسلرمنتخب ہوئی تھی۔محترمہ سعیدہ مرحومہ کو ماریپوربدھنی گوٹھ کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔ مرحومہ کی نمازجنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین،ایم کیوایم کیماڑی ٹاؤن سیکٹر کے ذمہ داران،کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محترمہ سعیدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی سابق حق پرست لیبرکونسلرمحترمہ سعیدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے بلنددرجات اورمغفرت کیلئے دعا کی۔

## پاکستان سرائیکی پارٹی کے صدر بیرسٹر تاج محمد خان لنگاہ سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔31،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان سرائیکی پارٹی کے صدر بیرسٹر تاج محمد خان لنگاہ کے بھتیجے اسد اللہ خان لنگاہ ایڈوکیٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆